REGISTERED No. M - 302 / L.-7646

# The Gazette of Pakistan

EXTRAORDINARY
PUBLISHED BY AUTHORITY

ISLAMABAD, TUESDAY, JULY 4, 2023

PART I

## Acts, Ordinances, President's Orders and Regulations

GOVERNMENT OF PAKISTAN
**MINISTRY OF LAW AND JUSTICE**

*Islamabad, the 3rd July, 2023*

**No. F. 2(1)/2023-Pub.**— The following Ordinance Promulgated on 3rd July, 2023 by the President is hereby published for general information:—

ORDINANCE NO. I OF 2023

AN

ORDINANCE

*further to amend the National Accountability Ordinance, 1999*

WHEREAS it is expedient further to amend the National Accountability Ordinance, 1999 (XVIII of 1999), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;



*Price : Rs. 10.00*

[1258(2023)/Ex. Gaz.]

AND WHEREAS the Senate and National Assembly are not in session and the President of the Islamic Republic of Pakistan is satisfied that circumstances exist which render it necessary to take immediate action;

NOW, THEREFORE, in exercise of the powers conferred by clause (1) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the President of the Islamic Republic of Pakistan is pleased to make and promulgate the following Ordinance:—

1. **Short title and commencement.**—(1) This Ordinance shall be called the National Accountability (Amendment) Ordinance, 2023.

(2) This Ordinance shall come into force at once and shall be deemed to have taken effect on and from the commencement of the National Accountability Ordinance, 1999 (XVIII of 1999).

2. **Insertion of section 14A, Ordinance XVIII of 1999.**—In the said Ordinance, after the omitted section 14, the following new section 14A shall be inserted, namely:—

14A. **Presumption against accused accepting illegal gratification.**—(1) Where in any trial of a scheduled offence punishable under this Ordinance, it is proved that an accused person has accepted or obtained, or has agreed to accept or attempted to obtain, for himself or for any other person any gratification, other than legal remuneration, or any valuable thing, or any pecuniary advantage from a person or any agent of a person, for any favour shown or promised to be shown by the accused, it shall be presumed, unless the contrary is proved, that he accepted or obtained, or agreed to accept or attempted to obtain, that gratification or that valuable thing or pecuniary advantage for himself or some other person, as the case may be as a motive or a reward such as is specified in sections 161 to 163 of the Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860), or, as the case may be, without consideration, or for a consideration which he believed to be inadequate.

(2) Wherein any trial of an offence punishable under section 165A of the Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860) it is proved that any gratification other than legal remuneration or any valuable thing has been given, or offered to be given, or attempted to be given, by any accused person, it shall be presumed unless the contrary is proved, that he gave or offered to give, or attempted to give, that gratification, or that valuable thing, as the case may be, as a motive or a reward such as is specified in sections 161 to 163 of the said Code, or, as the case may be, without consideration or for a consideration which he believed to be inadequate.

(3) In any trial of an offence punishable under this Ordinance, the fact that the accused person or any other person on his behalf, is in possession, for which the accused person cannot satisfactorily account, of property or pecuniary resources disproportionate to his known sources of income, or that such person has, at or about the time of the commission of the offence with which he is charged, obtained an accretion to his pecuniary resources or property for which he cannot satisfactorily account, the Court shall presume, unless the contrary is proved, that the accused person is guilty of the offence of corruption or corrupt practices and his conviction therefore shall not be invalid by reason only that it is based solely on such a presumption.".

3. **Amendment of section 24, Ordinance XVIII of 1999.**—In the said Ordinance, in section 24,—

(A) after sub-section (a), the following new sub-section shall be inserted, namely:—

"(aa) The Chairman NAB may also issue warrant of arrest during the course of inquiry if the accused is not joining inquiry despite notices or willfully does not cooperate in such inquiry; and

(B) in sub-section (d), for the word "fourteen", the word "thirty" shall be substituted.

4. **Substitution of section 26, Ordinance XVIII of 1999.**—In the said Ordinance, for section 26, the following shall be substituted, namely:—

"26. **Tender of pardon.**—(1) Notwithstanding anything contained in the Code, at any stage of inquiry, investigation or trial, the Chairman NAB may, with a view to obtaining the evidence of any person supposed to have been directly or indirectly concerned in or privy to any offence, tender a full or conditional pardon to such a person on condition of his making a full and true disclosure of the whole of the circumstances within his knowledge relating to the said offence including the names of the persons involved therein whether as principals or abettors or otherwise.

(2) Every person accepting a tender of pardon under sub-section (1) shall be examined by a Magistrate and shall also be examined as a witness in the subsequent trial.

(3) Subject to sub-section (4), the person to whom pardon has been granted under this section shall not—

(a) in the case of a full pardon, be tried for the offence in respect of which the pardon was granted; and

(b) in the case of conditional pardon, be awarded a punishment or penalty higher or other than that specified in the grant of pardon notwithstanding the punishment or penalty authorized by law.

(4) Where the Chairman NAB certifies that in his opinion, any person who has accepted such tender has, either by willfully concealing anything essential or by giving false evidence through willful or reckless mis-statement, not complied with the condition on which the tender of pardon was made, such a person may be tried for the offence in respect of which the pardon was so tendered, or for any other offence of which he appears to have been guilty in connection with the said matter including the offence of giving false evidence, which he knows or ought to know is false.

(5) Any statement made before a Magistrate by a person who has accepted a tender of pardon may be given in evidence against him at the trial.".

5. **Amendment of section 28, Ordinance XVIII of 1999.**—In the said Ordinance, in section 28,—

(A) in sub-section (a), for the words "National Accountability Bureau", the words "Chairman NAB" shall be substituted; and

(B) for sub-section (b), the following shall be substituted;

"(b) The Chairman NAB may appoint advisers, consultants and experts on payment of such fee or remuneration as he may determine to assist him in performing the functions of the NAB and the discharge of his duties under this Ordinance.".

6. **Amendment of section 33F, Ordinance XVIII or 1999.**—In the said Ordinance, in section 33F, for the words "a reference has been filed against such persons", the words "inquiry has been finalized" shall be substituted.

7. **Amendment of section 36, Ordinance XVIII of 1999.**—In the said Ordinance, in section 36, for the proviso, the following shall be substituted, namely:—

"Provided that if the accused has been acquitted by the Court on the ground that the case was initiated with *malafide* intention based on fabricated evidence, the person found guilty of such act by the said Court shall be punished with imprisonment of either description for a term which may extend to three years and shall also be liable to fine.".

MUHAMMAD SADIQ SANJRANI,
*Acting President.*

---

RAJA NAEEM AKBAR,
*Secretary.*

PRINTED BY THE MANAGER, PRINTING CORPORATION OF PAKISTAN PRESS, ISLAMABAD.
PUBLISHED BY THE DEPUTY CONTROLLER, STATIONERY AND FORMS, UNIVERSITY ROAD, KARACHI.

# STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The National Accountability Ordinance, 1999 was promulgated with the aim to curb corruption and corrupt practices in the country and thereunder National Accountability Bureau (NAB) was established to execute the aims and objectives of the said Ordinance. Currently, NAB is dealing with a large number of inquiries and investigations in addition to handling mega corruption cases. Under the existing regime, a number of inquiries have been initiated by NAB, however, due to procedural shortcomings the outcome of such inquiries is not up to the required expectations. From time to time amendments were made in the said Ordinance as and when pointed out by NAB Authorities and Accountability Courts to address the procedural shortcomings. Although, the said Ordinance was lastly amended through Act Nos. XI of 2022 and XXIV of 2023 to cover up the procedural shortcomings and legal infirmities, still NAB Authorities were practically facing such issues in dealing with the pending inquiries, investigations and trials with particular reference to presumption against accused accepting illegal gratification, non-arrest of accused if he is willfully not joining inquiry despite notices, period of detention of the accused in the custody of NAB was not sufficient enough to deal with the white collar crimes during their inquiry and investigation, procedure of tender of pardon, appointment of officers and staff in NAB, restriction on NAB officials on issuance of public statements and matter related to indemnity.

2. The National Accountability (Amendment) Ordinance, 2023 (I of 2023), deemed to be a Bill in terms of paragraph (b) of clause (3) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, has been designed to achieve the aforesaid objective.

**Minister-in-charge**

## آرڈیننس نمبر ۱ مجریہ ۲۰۲۳ء

# قومی احتساب آرڈیننس، ۱۹۹۹ء میں مزید ترمیم کرنے کا آرڈیننس

**ہرگاہ** کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ قومی احتساب آرڈیننس، ۱۹۹۹ء (۱۸ مجریہ ۱۹۹۹ء) میں، ایسے طریقہ کار میں اور بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے مزید ترمیم کی جائے؛

**اور چونکہ** سینیٹ اور قومی اسمبلی کا اجلاس نہیں ہو رہا ہے اور صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان کو اطمینان ہے کہ ایسے حالات موجود ہیں جو فوری کارروائی کے متقاضی ہیں؛

**لہٰذا، اب**، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۱) کی رُو سے حاصل شدہ اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے، صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان نے حسب ذیل آرڈیننس وضع اور جاری کیا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ آرڈیننس قومی احتساب (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۳ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ آرڈیننس فی الفور نافذ العمل ہوگا اور قومی احتساب آرڈیننس، ۱۹۹۹ء (۱۸ مجریہ ۱۹۹۹ء) پر کے آغاز نفاذ اور سے مؤثر بہ عمل متصور ہوگا۔

۲۔ **آرڈیننس ۱۸ مجریہ ۱۹۹۹ء میں، دفعہ ۱۴ الف کی شمولیت:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، حذف شدہ دفعہ ۱۴ کے بعد، حسب ذیل نئی دفعہ ۱۴ الف کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

## ۱۴الف۔ مابہ الاحتظاظ ناجائز قبول کرنے والے ملزم کے خلاف قیاس:۔

(۱) جہاں اس آرڈیننس کے تحت جدولی قابل سزا جرم کے کسی بھی سماعت مقدمہ میں، یہ ثابت ہو جائے کہ ملزم شخص نے قانونی معاوضے کے علاوہ کوئی بھی مابہ الاحتظاظ اپنے لیے یا کسی دوسرے شخص کے لیے وصول یا حاصل کیا ہے، یا وصول کرنے کی حامی بھری ہے یا حاصل کرنے کی کوشش کی ہے، یا ملزم نے کسی بھی رعایت دینے پر یا دینے کے وعدے پر کسی شخص یا اس شخص کے کسی بھی ایجنٹ سے کوئی بھی قیمتی شئے یا کوئی بھی مالی مفاد لیا ہو تو، یہ قیاس کیا جائے گا، تاوقتیکہ اس کے برعکس ثابت نہ ہو جائے، کہ اس نے مذکورہ مابہ الاحتظاظ یا مذکورہ قیمتی شئے یا مالی مفاد اپنے لیے یا کسی دوسرے شخص کے لیے، جیسی بھی صورت ہو، وجہ محرک یا انعام کے طور پر قبول یا حاصل کیا ہے یا قبول کرنے کی حامی بھری ہے یا حاصل کرنے کی کوشش کی ہے یا جیسی بھی صورت ہو بلا معاوضہ، یا ایسا معاوضہ جسے وہ ناکافی سمجھتا ہے جیسا کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان (ایکٹ ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء)، کی دفعات ۱۶۱ یا ۱۶۳ میں صراحت کی گئی ہے۔

(۲) جہاں مجموعہ تعزیرات پاکستان (ایکٹ ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) کی دفعہ ۱۶۵الف کے تحت قابل سزا جرم کے کسی بھی سماعت مقدمہ میں یہ ثابت ہو جائے کہ مابہ الاحتظاظ یا قیمتی شئے ملزم شخص کی جانب سے قانونی معاوضے کے علاوہ کوئی بھی مابہ الاحتظاظ یا قیمتی شئے دی گئی ہے، یا دینے کی پیشکش کی گئی ہے، یا دینے کی کوشش کی گئی ہے تو، یہ قیاس کیا جائے گا، تاوقتیکہ اس کے برعکس ثابت نہ ہو جائے، کہ اس نے مذکورہ تحفہ، یا قیمتی شئے، جیسی بھی صورت ہو، وجہ محرک یا انعام کے طور پر، جیسی بھی صورت ہو، بلا معاوضہ یا کسی ایسے معاوضہ کے لیے جسے وہ ناکافی سمجھتا ہے دیا یا دینے کی پیشکش کی، یا دینے کی کوشش کی، جیسا کہ مذکورہ مجموعہ کی دفعات ۱۶۱ تا ۱۶۳ میں صراحت کی گئی ہے۔

(۳) اس آرڈیننس کے تحت قابل سزا جرم کے کسی بھی سماعت مقدمہ میں، یہ حقیقت ہو کہ ملزم شخص یا اس کے حوالے سے کسی دوسرے شخص، کی ملکیت میں جائیداد یا مالی وسائل اس کی کل معلوم آمدن کے ذرائع سے زیادہ ہیں، جن کا ملزم شخص تسلی بخش جواب نہ دے سکا، یا یہ کہ مذکورہ شخص نے، ارتکاب جرم کے وقت یا اس کے آس پاس، جس کی نسبت اس پر الزام لگایا گیا، اپنے وسائل یا جائیداد میں اضافہ کیا جس کا وہ تسلی بخش جواب نہ دے سکا تو، عدالت اس وقت تک قیاس کرے گی، جب تک کہ اس کے برعکس ثابت نہ ہو جائے، کہ ملزم رشوت یا مالی بداعنوانی کے جرم کا مجرم ہے اور اس لیے اس کی سزا محض اس بناء پر کالعدم نہیں ہوگی کہ یہ صرف اس حد تک قیاس پر مبنی ہے۔''

۳۔ **آرڈیننس نمبر ۱۸ مجریہ ۱۹۹۹ء کی، دفعہ ۲۴ کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس کی، دفعہ ۲۴ میں،۔

(الف) ذیلی دفعہ (الف) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ شامل کردی جائے گی، یعنی:۔

''(الف الف) چیئرمین نیب دوران انکوائری بھی پروانہ گرفتاری جاری کر سکے گا بشرطیکہ ملزم نوٹسز کے باوجود تحقیقات میں شامل نہ ہورہا ہو یا مذکورہ انکوائری میں قصداً تعاون نہ کر رہا ہو؛ اور

(ب) ذیلی دفعہ (د) میں، لفظ ''چودہ''، لفظ ''تیس'' سے تبدیل کردیا جائے گا۔

۴۔ **آرڈیننس نمبر ۱۸ مجریہ ۱۹۹۹ء کی، دفعہ ۲۶ کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس کی، دفعہ ۲۶ کو، حسب ذیل تبدیل کردیا جائے گا، یعنی:۔

''**۲۶۔ معافی کی پیشکش:۔** (۱) اس مجموعہ میں شامل کسی امر کے باوجود، انکوائری، تفتیش یا سماعت مقدمہ کے کسی بھی مرحلے پر، چیئرمین نیب، کسی ایسے شخص کی گواہی حاصل کرنے کے نقطہ نظر سے جس کے بارے میں قیاس کیا جاتا ہو کہ کسی بھی جرم میں براہ راست یا بلواسطہ طور سے متعلق ہے یا اس کا شریک راز ہے تو، ایسے شخص کو اس شرط پر مکمل یا مشروط معافی کی پیشکش کی جا سکے گی کہ وہ مذکورہ جرم سے متعلق اپنے علم کے مطابق تمام حالات کا مکمل اور حقیقی انکشاف کرے اس میں ملوث افراد کے نام خواہ بطور اصل مجرم یا اعانت کنندگان یا بصورت دیگر کے طور پر شامل ہوں گے۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت معافی کی پیشکش قبول کرنے والے ہر شخص کی مجسٹریٹ کی جانب سے جانچ کی جائے گی اور مابعد سماعت مقدمہ میں بطور گواہ بھی جانچ کی جائے گی۔

(۳) ذیلی دفعہ (۴) کے تابع، جس شخص کو اس دفعہ کے تحت معافی دی گئی ہو تو۔

(الف) مکمل معافی کی صورت میں، اس جرم کی نسبت سماعت نہ کی جائے گی جس کے سلسلے میں معافی دی گئی تھی؛ اور

(ب) مشروط معافی کی صورت میں، قانون کی رُو سے منظور شدہ سزا یا جرمانے کے باوجود معافی کی منظوری میں صراحت کردہ سزا یا اس سے زیادہ جرمانہ یا علاوہ ازیں نہیں کیا جائے گا۔

(۴) جہاں چیئرمین نیب تصدیق کرتا ہو کہ اس کی رائے میں، کوئی بھی شخص جس نے مذکورہ پیشکش قبول کی ہو، خواہ اس نے دانستہ کوئی ضروری چیز چھپا کر یا جان بوجھ کر یا پرواہی سے غلط بیانی کے ذریعے جھوٹی گواہی دیتے ہوئے اس شرط کی تعمیل نہ کی ہو، جس پر معافی کی پیشکش گئی تھی تو مذکورہ شخص پر اس جرم کے لیے مقدمہ چلایا جا سکے گا جس کی بابت اس طرح معافی کی پیشکش کی گئی تھی یا کسی دوسرے جرم کے لیے جس میں وہ جھوٹی گواہی دینے کے جرم میں مذکورہ معاملے کے سلسلے میں مجرم نظر آتا ہو شامل ہے، جو وہ جانتا ہو یا اس کو جاننا چاہیے کہ وہ جھوٹا ہے۔

(۵) کسی شخص کی جانب سے جو معافی کی پیشکش قبول کر چکا ہو مجسٹریٹ کے سامنے دیا گیا کوئی بھی بیان مقدمے کی سماعت میں اس کے خلاف ثبوت کے طور پر دیا جا سکے گا''۔

**۵۔ آرڈیننس نمبر ۱۸ مجریہ ۱۹۹۹ء کی، دفعہ ۲۸ کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۲۸ میں،۔

(الف) ذیلی دفعہ (الف) میں، الفاظ ''قومی احتساب بیورو''، الفاظ ''چیئرمین نیب'' سے تبدیل کر دیے جائیں گے؛ اور

(ب) ذیلی دفعہ (ب)، حسب ذیل سے تبدیل کر دی جائے گی؛

''(ب) چیئرمین نیب مشیران، کنسلٹنٹس اور ماہرین کا تقرر ایسی فیس اور معاوضے کی ادائیگی پر کر سکے گا جیسا کہ وہ نیب کے کارہائے منصبی کی انجام دہی میں اور اس آرڈیننس کے تحت اپنے فرائض کی بجا آوری میں معاونت کے لیے تعین کرے۔''۔

**۶۔ آرڈیننس نمبر ۱۸ مجریہ ۱۹۹۹ء کی، دفعہ ۳۳ و کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۳۳ و میں، الفاظ ''ایسے اشخاص کے خلاف ایک ریفرنس دائر کیا گیا ہو''، کو الفاظ ''انکوائری کو حتمی شکل دی گئی ہو'' سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

۷۔ **آرڈیننس نمبر ۱۸ مجریہ ۱۹۹۹ء کی، دفعہ ۳۶ کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۳۶ میں، فقرہ شرطیہ، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"مگر شرط یہ ہے کہ اگر ملزم کو عدالت کی جانب سے اس بنیاد پر بری کر دیا گیا ہو کہ مقدمہ کا جعلی شہادت کی بنیاد پر بدنیتی کے ارادے سے آغاز کیا گیا تھا، تو مذکورہ عدالت کی جانب سے اس طرح کے فعل کے مرتکب شخص کو ایسی مدت تک جو تین سال تک ہو سکتی ہے سزائے قید دی جا سکے گی اور جرمانے کا بھی مستوجب ہوگا"۔

**محمد صادق سنجرانی،**

قائم مقام صدر

**راجہ نعیم اکبر،**

سیکرٹری